سبق 6:

# جفت اور طاق عدد پہچانیں گے

نیچے کی قطار میں دی گئی تصویروں کو گن کر دائیں طرف کی خالی جگہوں میں لکھیے ۔

| | |
|---|---|
|  | ۴ |
|  | ۵ |
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |

اوپر دی گئی تصویر کی ہر قطار میں دو، دو تصویروں کے چاروں طرف گھیرا بندی کریں۔ گھیرا بندی کرنے کے بعد اگر کوئی تصویر باقی بچتی ہے تو ان تصویروں کی داہنی طرف کے ہندسے پر گھیرا ڈالیں۔

یہ کام کرتے ہی کن کن ہندسوں میں گھیرا ڈالا گیا ہے اور کن کن میں گھیرا نہیں ڈالا گیا ہے۔ نیچے دیے گئے جدول میں لکھیے۔

| گھیرا بندی کیے جانے والے ہندسے | گھیرا بندی نہیں کیے جانے والے ہندسے |
|---|---|
| | |

جن ہندسوں کے چاروں طرف گھیرا دیا گیا ہے۔ وہ ہندسے جوڑ اعداد یا جفت عدد کہلاتے ہیں۔

جن ہندسوں کے چاروں طرف گھیرا نہیں دیا گیا ہے۔ ان کو بے جوڑ عدد یا طاق عدد کہتے ہیں۔

● نیچے ہر ایک قطار میں لکھے عدد کے مطابق ہر قطار میں گیند کا نقشہ بنائیے۔ دو دو عدد گیندوں کو خانہ میں رکھیے۔ عدد جفت ہے یا طاق اسے لکھیے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ |  | جفت |
| ۱۳ |  | طاق |
| ۱۴ | | |
| ۱۵ | | |
| ۱۲ | | |
| ۱۶ | | |
| ۱۷ | | |
| ۹ | | |
| ۱۸ | | |

جدول کے دائیں طرف دیے گیے عددوں کے درمیان کون کون جفت عدد ہیں کیا آپ جان سکے؟ اور کون کون عدد طاق ہیں؟ کیا اس کی پہچان ہوئی؟

اب بتائیے جفت اور طاق عدد کسے کہا جاتا ہے؟

● جفت عددوں کے خانوں میں رنگ بھریئے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |
| ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ |
| ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ |
| ۳۱ | ۳۲ | ۳۳ | ۳۴ | ۳۵ | ۳۶ | ۳۷ | ۳۸ | ۳۹ | ۴۰ |

● نیچے دیے گیے سوالوں کے جواب دیجیے:

(i) آس پاس کے دو جفت عدد کے درمیان فرق کتنا ہے؟

(ii) دو عددوں کے آس پاس طاق عددوں کے درمیان فرق کتنا ہے؟

(iii) جفت عدد کی اکائی کے خانہ میں کون کون سے ہندسے ہوتے ہیں مشاہدہ کیجیے۔

(iv) طاق عدد کی اکائی کے خانہ میں کون کون سے ہندسے ہوتے ہیں مشاہدہ کیجیے۔



کسی بھی عدد کی اکائی کے خانے کو دیکھ کر جان سکتے ہیں کہ یہ جفت عدد ہے یا طاق عدد ہے۔
جس عدد کی اکائی کے خانے میں ۰، ۲، ۴، ۶، ۸ ہو اسے جفت عدد کہتے ہیں۔

● جانچ کر کے دیکھئیے:

(i) کیا جس کی بھی دو جفت عدد کا حاصل جمع جفت عدد یا طاق عدد ہوگا؟

(ii) دو طاق عدد کا حاصل جمع کس طرح کا عدد ہوگا لکھیئے۔

(iii) ایک جفت عدد میں ایک طاق عدد کو جمع کرنے سے حاصل جمع جفت عدد ہوگا یا طاق عدد؟

● نیچے دیے سوالوں کے جواب لکھیئے:

(i) ۵۰ / سے زیادہ اور ۷۰ سے کم ہونے والے ۵ / جفت عدد لکھیئے؟

(ii) تین ہندسوں پر مشتمل دو طاق عدد لکھیے ہر عدد کی دہائی کے خانے میں ۵ / ہونا چاہیئے۔

(iii) تین ہندسوں پر مشتمل جفت عدد لکھیے اس طرح کہ ہر عدد کے ہندسوں کا حاصل جمع ۷ ہوگا؟



# مشق

1۔ تصویروں کو گن کر خالی خانے میں لکھیے اور یہ بتائیے کہ کون جفت عدد ہیں اور کون طاق عدد؟

| | | |
|---|---|---|
|  | ۴ | جفت |
|  | | |
|  | | |
|  | | |
|  | | |
|  | | |
|  | | |


2۔ جفت عدد کے چاروں طرف گھیرا کیجیے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۶ | ۱۴ | ۳۰ | ۱۶۷ | ۴۰۴ | ۲۲۸ |
| ۳ | ۵۴ | ۵۹ | ۲۰۸ | ۵۷۶ | ۴۱۱ |
| ۵۶ | ۳۴ | ۱۰۴ | ۷۱ | ۳۱۵ | ۴۳۸ |
| ۱۰۸ | ۵۲۴ | ۳۵۵ | ۷۵۰ | ۵۲ | ۹۹۹ |

3۔ طاق عدد کے چاروں طرف گھیرا کیجیے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷ | ۴۷ | ۷۶ | ۲۴۲ | ۸۳ | ۴۰۷ |
| ۸ | ۷۸ | ۸۵ | ۱۳۸ | ۱۴۵ | ۳۵۱ |
| ۴۳ | ۵۴ | ۷۹ | ۱۰۵ | ۲۱۵ | ۶۱۹ |
| ۸۱ | ۲۶۳ | ۶۲۵ | ۹۷۰ | ۶۴۷ | ۲۳۴ |

4۔ جفت عدد کے ساتھ جفت عدد اور طاق عدد کے ساتھ طاق عدد کو سلسلے وار جوڑ کر تصویر بنائیے۔



5۔ (i) ۲۵ میں کم سے کم..........تفریق کرنے پر جفت عدد ہوگا۔

(ii) ۹ میں کم سے کم..........جمع کرنے پر طاق عدد ہوگا۔

6۔ اس ٹیبل کے ہندسوں سے عدد تیار کر کے نیچے لکھے سبھی اعداد، دو ہندسوں اور تین ہندسوں کے ہو سکتے ہیں۔ جفت عدد پر گھیرا کریں اور یہ دیکھیں کہ کون کتنا زیادہ جفت عدد پا سکتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۲ | ۳ |
| ۵ | ۰ | ۴ |
| ۶ | ۷ | ۹ |

............ ............ ............ ............ ............

............ ............ ............ ............ ............

7۔ △ کے درمیان طاق ہندسہ اور □ کے درمیان جفت ہندسہ لکھا جائے گا۔

۱۸ □ = △ + □ + △

△ اور □ درمیان آپ کون کون سے ہندسے لکھ کر حاصل جمع ۱۸ پا سکتے ہیں۔